# 24-05-2025 URDU NEWS BULLETIN 17.50 HRS

سرخیاں

۱۔تلنگانہ کے وزیراعلیٰ ریونت ریڈی نے اعادہ کیا کہ مرکز کو دہشت گردی کے خلاف جدوجہد میں ریاستی حکومت کا مکمل ساتھ حاصل ہے۔

۲۔تلنگانہ حکومت نے آندھرا پردیش کی طرف سے پولاورم پروجیکٹ کے ڈیڈ اسٹورتج سے پانی نکالنے کے مجوزہ منصوبہ پر اعتراضات کئے ہیں۔

۳۔وزیراعظم نریندرمودی 27 اپریل کو آکاش وانی کے پروگرام من کی بات کے ذریعہ ملک اور بیرونی مما لک کے عوام سے اپنے خیالات کا تبادلہ کریں گے۔

اور

۴۔جنوب مغرب مانسون کیرالا میں پہنچ گیا۔16 سال میں پہلی مرتبہ یکم جون سے 8 دن پہلے مانسون کیرالا پہنچ گیا۔ توقع ہے یہ یکم جون کو تلنگانہ پہنچے گا۔

PM - MANN KI BAAT:

وزیراعظم نریندرمودی 27 اپریل کو آکاش وانی کے پروگرام من کی بات کے ذریعہ ملک اور بیرونی مما لک کے عوام سے اپنے خیالات کا تبادلہ کریں گے۔ ماہانہ ریڈیو پروگرام کا یہ 122 واں ایپی سوڈ رہے گا۔آکاش وانی اور دوردرشن کے تمام نٹ ورکس کے علاوہ اے آئی آر نیوز ویب سائٹ اور نیوز آن ایئر موبائل ایپ پر پروگرام نشر ہوگا۔ ہندی نشریات کے بعد علاقائی زبانوں میں یہ پروگرام دوبارہ نشر ہوگا۔تمام آکاش وانی حیدرآباد کیندر پر اسی روز رات 8 بجے من کی بات پروگرام تلگو میں دوبارہ نشر ہوگا۔

WEATHER

جنوب مغرب مانسون کیرالا میں پہنچ گیا۔16 سال میں پہلی مرتبہ یکم جون سے 8 دن پہلے مانسون کیرالا پہنچ گیا۔محکمہ موسمیات نے کہا کہ 2009ء کے بعد پہلی مرتبہ کیرالا میں مانسون کی آمد جلد ہوئی ہے۔

PCC

صدر پی سی سی مہیش کمار گوڑ نے الزام لگایا ہے کہ بی آر ایس کے کارگزار صدر تارک راما راؤ، وزیر اعلیٰ ریونت ریڈی کے خلاف بے بنیاد الزامات لگا رہے ہیں۔ انہوں نے حیدرآباد میں میڈیا سے بات کرتے ہوئے دعویٰ کیا کہ کے ٹی آر، کویتا کی جانب سے کے سی آر کو مکتوب پر پاگل ہو گئے ہیں۔ یہ مکتوب کالیشورم اسکام کے سلسلہ میں ہریش راؤ اور کے سی آر کو نوٹس کے بعد لکھا گیا تھا۔ انہوں نے بی آر ایس میں پھوٹ کی پیش قیاسی کی اور کہا کہ سہ رخی بی آر ایس کے جھگڑے میں ایک علیحدہ گوشہ کویتا کا ہے۔ انہوں نے الزام لگایا کہ بی آر ایس اور بی جے پی نے ہاتھ ملا لیا ہے۔ انہوں نے حال ہی میں بی جے پی قائدین کی جانب سے کے سی آر کی ہمدردی کا بھی حوالہ دیا۔

PM - NITI AAYOG

وزیر اعظم نریندر مودی نے ریاستوں سے کہا ہے کہ وہ عالمی معیار کے مطابق ہر ریاست میں کم از کم ایک سیاحتی مقام کو ترقی دیں اور تمام سہولیات و بنیادی ڈھانچے فراہم کریں۔ نیتی آیوگ کی دسویں گورننگ کونسل میٹنگ کی صدارت کرتے ہوئے آج دہلی میں، وزیر اعظم نے 'ایک ریاست: ایک عالمی سیاحتی مقام' کے تصور پر زور دیا۔ انہوں نے کہا کہ اس سے قریبی شہروں کی بھی سیاحتی ترقی ہوگی۔ وزیر اعظم نے مستقبل کے لیے تیار شہروں پر کام کرنے کی ضرورت پر زور دیتے ہوئے کہا کہ ہندوستان تیزی سے شہری ترقی کی راہ پر گامزن ہے۔ انہوں نے خواتین کو ورک فورس میں شامل کرنے کے لیے قوانین و پالیسیوں پر عمل درآمد کی اہمیت پر بھی زور دیا تا کہ انہیں باعزت طریقے سے روزگار کے مواقع فراہم کیے جا سکیں۔

SOUND BYTE

MADIGA

ماڈیگا برادری سے تعلق رکھنے والے اراکینِ اسمبلی نے وزیر اعلیٰ ریونت ریڈی سے مطالبہ کیا ہے کہ ان کی برادری کے اراکین کو کابینی عہدوں میں مناسب نمائندگی دی جائے۔ سرکاری وہپ اے لاکشمن کمار، ایم ایل ایز ایم سیموئیل، وی ویریشیا اور کالے یادیاہ نے وزیر اعلیٰ سے ملاقات کر کے ایک یادداشت پیش کی۔ ان اراکینِ اسمبلی نے ریاستی کابینہ میں مادیگا برادری کی منصفانہ نمائندگی پر زور دیا اور کانگریس پارٹی سے اپنی وفاداری کا اعادہ کیا۔ انہوں نے حالیہ انتخابات میں مادیگا برادری کی حمایت کو بھی اجاگر کیا۔

## DGP

تلنگانہ کے ڈائریکٹر جنرل آف پولیس (ڈی جی پی) ڈاکٹر جتیندر نے ریاست بھر میں اسلحہ لائسنسوں کی نظرثانی کا حکم دیا ہے۔سرکاری اعداد وشمار کے مطابق،تلنگانہ میں 9,294 اسلحوں کے لیے اب تک 7,125 لائسنس جاری کیے گئے ہیں،جن میں سے 510 لائسنس گزشتہ تین برسوں کے دوران جاری ہوئے۔ڈی جی پی نے متعلقہ حکام کو ہدایت دی کہ وہ ان افراد کے لائسنسوں کا خصوصی طور پر جائزہ لیں جو کسی بھی منفی ریکارڈ کے تحت ہیں۔انہوں نے کمشنرز اور سپرنٹنڈنٹس کو ہدایت دی کہ وہ ایسے افراد کو نوٹس جاری کریں اوران سے اسلحہ رکھنے کی وجوہات طلب کریں۔لائسنس صرف اسی صورت میں تجدید کیا جائے گا اگر وہ افراد اسلحہ رکھنے کی معقول وجہ فراہم کریں۔

## HAJ ARRANGEMENT

سعودی عرب میں مقیم ہندوستانی حجاج نے ہندوستان حکومت کی جانب سے فراہم کردہ سہولیات اورانتظامات کی ستائش کی ہے جن کا مقصدان کے لیے ایک آسان اوررکاوٹ سے پاک سفر مقدس کو یقینی بنانا ہے۔وزارت اقلیتی امور نے آج سوشل میڈیا پر پوسٹ کرتے ہوئے کہا کہ وزارت کی مسلسل کوشش ہوتی ہے کہ ہر حاجی کو آرام دہ، باعزت اور بغیر کسی رکاوٹ کے حج کا سفر نصیب ہو۔

## CWC

تلنگانہ حکومت نے آندھراپردیش کی طرف سے پولاورم پروجیکٹ کے ڈیڈ اسٹوریج سے پانی نکالنے کے مجوزہ منصوبہ پر اعتراضات کئے ہیں۔اس سلسلہ میں گوداوری بورڈ اور پولاورم پروجیکٹ اتھارٹی کو ایک خط میں ریاست کے چیف انجینئر برائے آبپاشی،انیل کمار نے کہا ہے کہ آندھراپردیش یہ منصوبہ مرکزی آبی کمیشن (سی ڈبلیوسی) کی منظوری کے بغیر آگے بڑھا رہا ہے، جو کہ گوداوری ڈیلٹا کے مفادات کو نقصان پہنچا سکتا ہے۔انہوں نے نشاندہی کی کہ آندھرا پردیش، جو تلنگانہ کے ہر منصوبہ پر پانی کی کمی کا بہانہ بنا کر اعتراض کرتا ہے، اب خود ڈیڈ اسٹوریج سے پانی نکالنے کی اسکیم تجویز کر رہا ہے۔خط میں یہ بھی کہا گیا کہ ڈیڈ اسٹوریج سے پانی نکالنا سی ڈبلیوسی کے ضوابط کے خلاف ہے،اورسی ڈبلیوسی سے فوری مداخلت کرتے ہوئے آندھراپردیش کو یہ منصوبہ روکنے کی اپیل کی گئی ہے۔

SEIZED

آصف آباد ضلع کے کاغذنگر میں پولیس نے 60 لاکھ روپے مالیت کے نقلی کپاس کے بیج ضبط کیے ہیں۔ پولیس کے مطابق چار ملزمین میں سے تین کو گرفتار کرلیا گیا ہے، جب کہ ایک مفرور ہے۔ ضلع کے ایس پی ڈی وی سرینواس راؤ نے انتباہ دیا کہ نقلی بیج فروخت کرنے والوں کے خلاف سخت کارروائی کی جائے گی۔

CM

تلنگانہ کے وزیراعلیٰ ریونت ریڈی نے اعادہ کیا کہ مرکز کو دہشت گردی کے خلاف جدوجہد میں ریاستی حکومت کا مکمل ساتھ حاصل ہے۔ دہلی میں منعقدہ نیتی آیوگ کی گورننگ کونسل میٹنگ سے خطاب کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ قیادت کی صلاحیتوں اور مقصد کی وضاحت کو آگے بڑھانے کی ضرورت ہے، جیسا کہ سابق وزیراعظم اندرا گاندھی نے پاکستان کی پشت پناہی میں ہونے والی دہشت گردی کی مخالفت کرتے ہوئے کیا تھا۔ انہوں نے اس بات پر زور دیا کہ ہندوستان ریاستوں کا ایک یونین ہے، اور ایک ترقی یافتہ ہندوستان کا خواب اسی وقت شرمندہ تعبیر ہوسکتا ہے جب تمام ریاستوں اور مرکزی زیرانتظام علاقوں کی ہم آہنگ اور پائیدار ترقی کو یقینی بنایا جائے۔ انہوں نے کہا کہ ملک کی ترقی کا انحصار ہر ریاست اور مرکزی زیرانتظام علاقوں کی ترقی پر ہے، اس لئے تیزی سے ترقی کرتے علاقوں کی حمایت اور ان کی مکمل صلاحیتوں کا استعمال ناگزیر ہے۔ تلنگانہ اور اس کے عوام کی نمائندگی کرتے ہوئے، وزیراعلیٰ ریونت ریڈی نے ریاست کے ترقیاتی اقدامات کے آغاز کا اعلان کیا، جس کا نعرہ 'تلنگانہ رائزنگ 2047' ہے۔ یہ ایک ترقی یافتہ ہندوستان کے ویژن سے ہم آہنگ ہے۔ انہوں نے ریاست کو اقتصادی ترقی کے لحاظ سے ملک کی سب سے آگے رہنے والی ریاست بنانے کے عزم کا اظہار کیا، اور کہا کہ آئندہ دس برسوں میں تلنگانہ کا ہدف ایک کھرب ڈالر کی معیشت بننا ہے۔

UTTAM

وزیر آبپاشی وسیول سپلائز اتم کمار ریڈی نے حکام کو ہدایت دی ہے کہ نلگنڈہ ضلع میں زیرالتواء لفٹ آبپاشی پراجکٹس کے لیے فوری طور پر اراضی کا حصول مکمل کیا جائے اور کام کا آغاز کیا جائے۔ وزیر موصوف نے نکرکل حلقہ کے آئی ٹی پامولا لفٹ اریگیشن پراجکٹ کی پیش رفت کا جائزہ لیا۔ اس موقع پر انہوں نے آبپاشی پراجکٹس کیلئے اراضی کے حصول، جنگلاتی اراضی کے مسائل اور دیگر متعلقہ معاملات پر بھی تبادلہ خیال کیا۔ انہوں نے کہا کہ جب ان لفٹ اریگیشن

پراجکٹس کی تکمیل ہو جائے گی تو ہزاروں ایکڑ اراضی کو آبپاشی کی سہولت مل سکے گی۔اس لیے انہوں نے ہدایت دی کہ اراضی کے حصول کے عمل کو تیز کیا جائے اور تعمیراتی کام بلا تاخیر شروع کیا جائے۔

## SURVEYORS

ورنگل کی ضلع کلکٹر ڈاکٹر ستیہ شاردا نے اعلان کیا ہے کہ بھو بھارتی ایکٹ کے تحت رجسٹریشن عمل کے ایک حصے کے طور پر لائسنس یافتہ سروے کرنے والوں کے لیے تربیتی کلاسس 26 مئی سے 26 جولائی تک منعقد ہوں گی۔انہوں نے بتایا کہ 315 منتخب سروے کنندگان کو ورنگل کے دشائی پیٹ میں واقع سی کے ایم کالج میں 50 ورکنگ ڈیز کے دوران تربیت دی جائے گی۔کلکٹر نے منتخب امیدواروں پر زور دیا کہ وہ تربیتی سیشن میں شرکت کریں اور بھو بھارتی ایکٹ کی مکمل سمجھ حاصل کریں۔

## RAINS

محکمہ موسمیات نے ریاست بھر میں 29 تاریخ تک شدید بارش کی پیش قیاسی کی ہے۔محکمہ نے بتایا ہے کہ کل نرمل، نظام آباد، جگتیال، میدک اور کاما ریڈی اضلاع میں شدید سے بہت شدید بارشیں ہونے کا امکان ہے۔ عادل آباد، منچریال، سرسلہ اور سنگاریڈی اضلاع میں چند مقامات پر شدید بارش ہوگی جبکہ باقی اضلاع میں درمیانی بارش متوقع ہے۔

## KTR

بھارت راشٹرا سمیتی (بی آر ایس) کی داخلی جمہوریت سے وابستگی کا اعادہ کرتے ہوئے پارٹی کے کارگزار صدر کے ٹی راما راؤ نے کہا ہے کہ پارٹی ایسا ماحول مہیا کرتی ہے جہاں ہر رکن، چاہے کسی بھی عہدے پر ہو، قیادت کے ساتھ اپنے خیالات اور تجاویز آزادانہ طور پر شیئر کر سکتا ہے۔تلنگانہ بھون میں ایک پریس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ اگرچہ کھلی بات چیت کی حوصلہ افزائی کی جاتی ہے، تاہم اندرونی مسائل کو پارٹی کے اندرونی فورمس میں ہی حل کیا جانا چاہیے تاکہ اتحاد اور نظم برقرار رہے۔انہوں نے اس بات کو اجاگر کیا کہ پارٹی کارکنوں، عہدیداروں اور خود قیادت کے ساتھ تبادلہ خیال کے لیے بھرپور مواقع فراہم کرتی ہے، تاکہ ہر فرد اپنے خیالات اور خدشات کا اظہار کر سکے۔انہوں نے پارٹی کے شمولیتی رویّے کو اجاگر کرتے ہوئے کہا کہ اندرونی معاملات کو پارٹی فورمس تک ہی محدود رکھا جانا چاہیے۔